27/6/25
C.O
AD (Publ)

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعۃ المبارک یکم محرم الحرام 1447ھ 27 جون 2025ء 13 ہاڑ 2082 ب صفحات: 26 قیمت 35 روپے | شمارہ: 97

محکمہ سوشل ویلفیئر میانوالی کے زیراہتمام پروقار تقریب کا انعقاد

تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کمیٹی و سابق ایم پی اے ملک فیروز جوئیہ تھے

کندیاں (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے فلاحی منصوبہ کے تحت تحصیل پپلاں کے خصوصی افراد میں معاون آلات کی تقسیم کے سلسلہ میں محکمہ سوشل ویلفیئر میانوالی کے زیراہتمام کندیاں کے نجی شادی ہال میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کمیٹی و سابق ایم پی اے ملک فیروز جوئیہ تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر میانوالی خالد جاوید گورایہ نے تقریب کی صدارت کی۔ اس موقع معاون آلات کی تقسیم کے دوسرے مرحلہ کے تحت تحصیل پپلاں کے 56 معذور افراد میں وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے ویل چیئرز اور دیگر معاون آلات تقسیم کیے گئے۔ تقریب سے چیئرمین ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کمیٹی ملک فیروز جوئیہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کیلئے دھی رانی پروگرام، ہمت کارڈ اور معاون آلات کی تقسیم جیسے فلاحی منصوبے جاری ہیں اور صوبہ پنجاب کے بجٹ میں معذور افراد کی فلاح کیلئے خطیر فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔ تقریب سے ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورایہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے معذور افراد کو معاون آلات تقسیم کیئے جا رہے ہیں۔

CamScanner